# ماڈل پیپر تعلیمی سیشن 18-2016 ومابعد

جنرل سائنس　　جماعت دہم　　(سیکنڈری)　　وقت : 20 منٹ

(معروضی)　　نمبر : 15

نوٹ: اپنا رولنمبر اور دستخط اسی پرچہ میں دی گئی جگہ پر ثبت کیجئے۔ تمام سوال اسی کاغذ پر ہر سوال کے سامنے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کیجئے۔ کاٹ کر / مٹا کر یا لیڈ پنسل سے تحریر کردہ جواب کا کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

1- ہر سوال کے دیئے ہوئے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب پر ٹک ( ✓ ) کا نشان لگائیں۔ (15)

| نمبر شمار | سوالات | جوابات ا | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کرنٹ کی گزرگاہ کہلاتی ہے۔ | فیوز | سرکٹ بریکر | سرکٹ | الیکٹرک میٹر |
| 2 | سورج سے حاصل ہونے والی توانائی کہلاتی ہے۔ | شمسی توانائی | میکانکی توانائی | بائیوماس توانائی | برقی توانائی |
| 3 | الیکٹران پر چارج ہوتا ہے۔ | مثبت | منفی | تعدیلی | مثبت اور منفی دونوں |
| 4 | لوہا فضاء میں موجود آکسیجن اور نمی سے تعامل کرکے مرکب بناتا ہے۔ | آئرن کلورائیڈ | آئرن آکسائیڈ | آئرن سلفائیڈ | کاربونک ایسڈ |
| 5 | فرمنٹیشن کا مطالعہ کیا۔ | کولمب نے | ہنری پارکن نے | لوئز پاسچر نے | والٹر فلمنگ نے |
| 6 | پودوں کی بڑھوتری کے لیے ضروری عنصر ہے۔ | کیلشیم | پوٹاشیم | سوڈیم | نائٹروجن |
| 7 | پروٹین کی تیاری کے حوالے سے خلیے میں معلومات پائی جاتی ہیں۔ | رائبوسوم میں | ڈی این اے میں | جین میں | کروموسوم میں |
| 8 | دختر کروموسوم مخالف قطبین پر کب جاتے ہیں۔ | پروفیز میں | میٹافیز میں | اینافیز میں | ٹیلوفیز میں |
| 9 | کسی بھی جاندار میں ساخت اور افعال کی اکائی ہے۔ | مرکزہ | خلوی جھلی | خلیہ | سائیٹوپلازم |
| 10 | دنیا کا سب سے بڑا سمندر ہے۔ | بحرالکاہل | بحراوقیانوس | بحرہند | بحرمنجمد شمالی |
| 11 | گیس پانی کی جراثیم کشی کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ | آکسیجن | برومین | کلورین | فلورین |
| 12 | زمین سے 18 کلومیٹر اوپر تک پھیلی تہہ کو کہتے ہیں۔ | ٹروپوسفیئر | سٹریٹوسفیئر | میزوسفیئر | تھرموسفیئر |
| 13 | زمین میں وہ جگہ جہاں سے زلزلے متحرک ہوتے ہیں۔ | فوکس | بر مرکز | سٹرائیک | فالٹ |
| 14 | یہ دماغ کی برقی کارکردگی ماپنے کا آلہ ہے۔ | ای سی جی | ای ای جی | ایم آر آئی | انجیوگرافی |
| 15 | مصنوعی سیاروں کی مدد سے صوتی اور بصری پیغامات کی ترسیل کرتی ہیں۔ | مقناطیسی لہریں | ایکس ریز | بالائے بنفشی لہریں | گیما ریز |

(ختم شد)

Result.pk

# ماڈل پیپر تعلیمی سیشن 2016-18 ومابعد

جنرل سائنس جماعت دہم (سیکنڈری) وقت : 2:10

(انشائیہ) نمبر : 60

## (حصہ اوّل)

-2 کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ (12 = 6 x 2)

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | برقی سکونی سے کیا مراد ہے؟ | ii | قانون بقائے چارجز بیان کریں۔ |
| iii | ڈائریکٹ کرنٹ (D.C) کی تعریف کریں۔ | iv | سرکٹ بریکر کیا کام کرتا ہے؟ |
| v | ضیائی تالیف کی تعریف کریں۔ | vi | کیمیائی اور طبعی تبدیلی میں کیا فرق ہے؟ |
| vii | تعدیلی عمل سے کیا مراد ہے؟ | viii | کیمیائی تعامل کے وقوع پذیر ہونے کی علامات لکھیں۔ |
| ix | فلم پروسیسنگ میں فکسنگ (Fixing) کے عمل سے کیا مراد ہے؟ | | |

-3 کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ (12 = 6 x 2)

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | جینیٹکس کی تعریف کریں۔ | ii | کلوننگ کی تعریف کریں۔ |
| iii | ہومولوگس کروموسوم سے کیا مراد ہے؟ | iv | سیکل سیل انیمیا پر مختصر نوٹ لکھیں۔ |
| v | خلوی تقسیم کی دو اقسام کے صرف نام لکھیں۔ | vi | آبی چکر سے کیا مراد ہے؟ |
| vii | پانی کے دو گرم چشموں کے نام لکھیں۔ | viii | موسمیاتی تبدیلی کی دو اہم نشانیاں تحریر کریں۔ |
| ix | گلیشرز سے کیا مراد ہے؟ | | |

-4 کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ (12 = 6 x 2)

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | اسٹراٹوسفیئر سے کیا مراد ہے؟ | ii | گرین ہاؤس اثر کو کیسے روکا جاسکتا ہے؟ |
| iii | تیزابی بارش کی تعریف کریں۔ | iv | زلزلے کے دو اثرات تحریر کریں۔ |
| v | سموگ سے کیا مراد ہے؟ | vi | موبائل فون کے دو نقصانات تحریر کریں۔ |
| vii | کیموتھراپی سے کیا مراد ہے؟ | viii | سپارکو کی دو خدمات تحریر کریں۔ |
| ix | انفارمیشن ٹیکنالوجی کیسے وجود میں آتی ہے؟ | | |

Result.pk

## (حصہ دوم)

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ (24 = 8 x 3)

-5 ا) بجلی سے بچاؤ کے لئے کم از کم آٹھ حفاظتی تدابیر تحریر کیجیے۔ (04)

ب) نائٹروجن فکسیشن کی وضاحت کریں۔ (04)

-6 ا) مرکزہ کے افعال تحریر کریں۔ (04)

ب) مائی ٹوسس کی اہمیت تحریر کریں۔ (04)

-7 ا) پانی کے تحفظ کے چند سادہ طریقے تحریر کریں۔ (04)

ب) پاکستان کے آبی وسائل کی پائیدار اور دیرپا ترقی کے لیے چار اہم نکات تحریر کریں۔ (04)

-8 ا) فضائی آلودگی کم کرنے کے طریقے تحریر کیجیے۔ (04)

ب) کرہ ہوائی کی پرتوں پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (04)

-9 ا) لیزر کے استعمالات تحریر کریں۔ (04)

ب) پاکستان کے خلائی پروگرام پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ (04)

(ختم شد)